سندھ آرڈیننس نمبرII مجریہ 1981

SINDH ORDINANCE NO.II OF 1981

سندھ ایگریکلچرل سپلائیز آرگنائیزیشن (ترمیم) آرڈیننس، 1981

THE SINDH AGRITUERAL SUPPLIES ORGANIZATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1981

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ سندھ ایکٹ X مجریہ 1973 کی دفعہ 5 کی ترمیم۔

Amendment of section 5 of Sindh Act X of 1973.

سندھ آرڈیننس نمبرII مجریہ 1981
SINDH ORDINANCE NO.II OF 1981
سندھ ایگریکلچرل سپلائیز آرگنائیزیشن (ترمیم) آرڈیننس، 1981
THE SINDH AGRITUERAL SUPPLIES ORGANIZATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1981

[6 جنوری 1981]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس، جس سے سندھ ایگریکلچرل سپلائیز آرگنائیزیشن ایکٹ، 1973 میں ترمیم کی جائے گی۔

اس آرڈیننس کے ذریعے سندھ ایگریکلچرل سپلائیز آرگنائیزیشن ایکٹ، 1973 میں ترمیم کرنا مقصود ہے۔ جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جائے گا۔

لہذا 5 جولائی 1977 کے حکم اور حکم برائے قوانین (نفاذ اور تسلسل) 1977 کی تکمیل میں گورنر سندھ بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کر نفاذ فرماتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ ایگریکلچرل سپلائیز آرگنائیزیشن (ترمیم)، آرڈیننس 1981 کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

سندھ ایکٹ X مجریہ 1973 کی دفعہ 5 کی ترمیم۔
Amendment of section 5 of Sindh Act X of 1973.

۲۔ سندھ ایگریکلچرل سپلائیز آرگنائیزیشن ایکٹ، 1973 کی دفعہ 5 کا، مندرجہ ذیل متبادل بنایا جائے گا؛

"5.(1) بورڈ حکومت کی مقرر کردہ ، سرکاری اور غیر سرکاری ارکان پر مشتمل ہوگی جن کی تعداد 7 سے زاید نہ ہوگی، اور ذیلی دفعہ 2 کے تحت آفیشل ارکان میں سے ایک کو آپریشنل ڈائریکٹر مقرر کیا جائے گا۔ "

(1) حکومت حسب منشا شرائط کی بنیاد پر آپریشنل ڈائریکٹر کی مقرری کریگی جو کہ مندرجہ ذیل کام کرنے کی ذمہ دار ہوگا۔

(i) بورڈ کی ہدایت کے مطابق آرگنائیزیشن کے

تمام انتظامی امور کو چلانا۔

(ii) دفعہ 12 کے تحت بیج اور فرٹیلائیزیشن حاصل کرنا، سنبھالنا اور تقسیم کرنا۔

(iii) حساب کتاب رکھنا اور

(iv) اور اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کرنے کے لئے دوسرے فرائض سرانجام دینا ، یا کوئی کام جو اس کو سونپا جائے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔